نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلداراجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت تل کی کاشت کے نمائشی پلاٹوں کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔

لاہور06اپریل2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 5ارب 11 کروڑ روپے کی لاگت سے تیلداراجناس کی کاشت کے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔اس منصوبہ کے تحت بہاولنگر،خانیوال،وہاڑی،ڈی جی خان،لیہ،مظفرگڑھ،فیصل آباد،ٹوبہ ٹیک سنگھ،چنیوٹ،ساہیوال،پاکپتن،اوکاڑہ،قصور،سرگودھا اورجہلم کے12ایکڑتک قابلِ کاشت اراضی کے مالک مردوخواتین کاشتکاردرخواست دینے کے اہل ہوں گے جبکہ مشترکہ کھاتہ رکھنے والے کاشتکار بھی اہل ہوں گے۔اس پروگرام کے تحت حکومت پنجاب کی طرف سے ایک ایکڑتل کے نمائشی پلاٹ کے اخراجات زیادہ سے زیادہ15 ہزارروپے فی ایکڑاداکئے جائیں گے۔قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکارمحکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق نمائشی پلاٹ کاشت کرنے کا پابندہوگا۔کاشتکاروں کے لئے نمائشی پلاٹ کے علاوہ تین ایکڑمزیدرقبہ پرتل کی کاشت کا پابند ہوگا۔مقابلہ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جومتعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹرزراعت (توسیع) کے دفتر سے مفت حاصل کرسکتے ہیں یامحکمہ زراعت کی ویب سائٹ**www.agripunjab.gov.pk**سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔فارم فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔کاشتکار درخواستیں اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **20**اپریل**2022** تک جمع کرواسکتے ہیں۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر**0429200752**پررابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆